امثال القرآن

بسم الله الرحمن الرحيم

سنک دلی کی مثال

وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادَّارَأْتُمْ فِيهَا وَاللهُ مُخْرِجٌ مَا كُنْتُمْ تَكْتُمُونَ (72) فَقُلْنَا اضْرِبُوهُ بِبَعْضِهَا كَذَلِكَ يُحْيِي اللهُ الْمَوْتَى وَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ (73) ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُمْ مِنْ بَعْدِ ذَلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللهِ وَمَا اللهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ (البقرة:74-72)

اور جب تم نے ایک شخص کو قتل کر دیا پھر تم اس کے بارے میں باہم جھگڑنے لگےاور اللہ اسے ظاہر کرنے والا تھا جو کچھ تم چھپارہےتھے ۔
تو ہم نے کہا اس (مقتول)کو اس (گائے)کے بعض حصے سے ضرب لگاؤ۔ اسی طرح اللہ مردوں کو زندہ کرے گا اور وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے تا کہ تم عقل سے کام لو۔

پھر اس کے بعد تمہارے دل سخت ہو گئے گویا وہ پتھروں کی طرح ہیں یا ان سے بھی زیادہ سخت اوربے شک بعض پتھر وہ ہیں کہ ان میں سے نہریں پھوٹ نکلتی ہیں

اور بے شک ان میں سے کچھ ایسےہیں کہ جو پھٹ پڑتے ہیں تو ان میں سے پانی نکل آتا ہے اوربلاشبہ ان میں سے کچھ ایسے ہیں کہ وہ اللہ کے خوف سے کر پڑتے ہیں اوراللہ ہر کز اس سے غافل نہیں ہے جو بھی تم عمل کرتے ہو۔

دل کی سختی کا علاج

- اللہ پر مضبوط ایمان رکھنا
- قرآن کی تلاوت اور تدبر کرنا
- زبان کی اصلاح کرنا
- یتیم اور مساکین کا خیال رکھنا
- دل کو اخلاقی برائیوں سے پاک کرنا
- ہر ماہ تین دن کے روزے رکھنا
- گناہ ہونے پر فوری توبہ و استغفار کرنا
- روزانہ سومرتبہ استغفار کرنا
- کثرت سے موت کو یاد کرنا

پانچ اصلاحی کام

- **(1)**۔غورفکر کرتے ہوئے قرآن کی تلاوت کرنا ،
- **(2)**۔پیٹ کو خالی رکھنا ،
- **(3)**۔رات کا قیام کرنااورسحری کے وقت اللہ کے آگے گڑگڑانا ،
- **(4)**۔نیک لوگوں کی مجلسوں کو اختیار کرنا ،
- **(5)**۔حلال کھانا۔

